**MULTI PROFESSIONALS CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY, ISLAMABAD**

mpchs

Ref: MP/MC/MG/TG/E-11/ROS/AGM-31/2018

Date: 20-12-2018

# کاروائی جنرل باڈی میٹنگ

مورخہ 2018-12-17 بروز سوموار دن 12:30 بجے ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (MPCHS) رجسٹرڈ اسلام آباد کی سکیموں ''اسلام آباد گارڈنز'' فیز-i سیکٹر E-11/3 ۔ فیز-ii سیکٹر E-11/1 ''ٹیلی گارڈنز'' سیکٹر F-17 ۔ ''ملٹی گارڈنز'' B-17 سکیم اور ''ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم'' کے ممبران کا سالانہ اجلاس عام (AGM) بمقام '' ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم'' کے بلاک E مرکز میں منعقد ہوا۔ سالانہ اجلاس عام کی اطلاع ممبران کو بذریعہ نیوز لیٹر مورخہ 19 نومبر 2018 کے علاوہ اخبارات روز نامہ جنگ کمبائنڈ۔ روزنامہ دنیا نیوز اسلام آباد اور روز نامہ ملٹی نیوز اسلام آباد مورخہ 26 نومبر 2018 کے ذریعے دی گئی اور سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کو بھی بذریعہ لیٹر مورخہ 30 نومبر 2018 مطلع کیا گیا۔ جبکہ روزنامہ ملٹی نیوز اسلام آباد میں دوبارہ مورخہ 14 دسمبر 2018 کو یاددہانی کا اشتہار بھی دیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ممبران کو اجلاس عام کی اطلاع SMS کے ذریعے بھی دی گئی۔ ممبران کی AGM میں بھرپور شرکت اور سہولت کے پیش نظر سوسائٹی ہیڈ آفس ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد، GPO صدر راولپنڈی اور GT روڈ بیریئر نمبر 3 واہ کینٹ سے گاڑیوں کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

اجلاس عام میں سوسائٹی کے **2023** ممبران نے شرکت کی۔ جن کو سوسائٹی کی سالانہ آڈٹ رپورٹ بمعہ آمدن و اخراجات مالی سال 2017-2018 جو کہ رجسٹرار کوآپریٹو ICT اسلام آباد کے نامزد آڈیٹر میسرز طاہر صدیقی اینڈ کو لاہور نے تیار کی تھی اور بجٹ مالی سال 2018-2019 کی طبع شدہ کاپیوں کے ساتھ روزنامہ ملٹی نیوز اسلام آباد مورخہ 2018-12-17 کا شمارہ بھی پیش کیا گیا۔

**2)**۔ اجلاس عام کی صدارت سوسائٹی کے صدر جناب چوہدری ظفر علی نے کی۔ اجلاس میں ممبران کے علاوہ انتظامیہ کمیٹی کے ارکان۔ انجینئرنگ ایڈوائزر۔ سوسائٹی سٹاف۔ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ ICT کے نامزد انسپکٹر محمد فراز صدیقی۔ سوسائٹی کی سکیموں E-11-F-17-B-17 اور ROS کے کنسلٹنٹس۔ کنٹریکٹرز۔ ڈویلپرز۔ ٹیکس/اکاؤنٹس کنسلٹنٹ۔ رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹس کے علاوہ میڈیا کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کا ایجنڈہ حسبِ ذیل تھا۔

(1) تلاوت کلام پاک۔ (2) صدر کا خطبہ استقبالیہ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ (4) کاروائی گذشتہ اجلاس عام منعقدہ 2017-12-20 کی توثیق۔ (5) نئے ممبران کے داخلے اور خروج کی توثیق۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2017-2018 اور بجٹ مالی سال 2018-2019 کی منظوری (اس کی کاپیاں پنڈال کے داخلی گیٹ پر سوسائٹی کے سٹال سے حاصل کی جاسکتی ہیں)۔ (7) مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے معاہدوں کی تفصیل بیان اور ان کی منظوری۔ (8) ترقیاتی کاموں اور زمینوں کے تحفظ کے لئے ٹرانسپورٹ/گاڑیوں کی فراہمی/خریداری کی منظوری۔ (9) ہیڈ آفس G-8 مرکز اسلام آباد کی رینوویشن کی منظوری۔ (10) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، پرموشن اور برخاستگی کی منظوری۔ (11) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی وقبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کے لئے کئے گئے معاہدوں کی تفصیل بیان اور ان کی منظوری، نیز ناردرن سٹرپ۔ موضع طمعہ اور موضع گڑھی حسو کی اراضی کے معاملات پر گفتگو۔ (12) تمام سکیموں میں کئے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں۔ ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع کی منظوری۔ (13) میسرز "حساس کنسٹرکشن کمپنی" کو ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کی ڈویلپمنٹ کے بارے میں جاری کردہ لیٹر مورخہ 2018-11-19 اور میسرز "کارساز انجینئرنگ" کو ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کی ڈویلپمنٹ کے بارے میں جاری کردہ لیٹر مورخہ 2018-11-20 کی منظوری۔ (14) تمام سکیموں میں فروخت کئے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ، مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اور ان کی قیمت کی منظوری۔ (15) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری۔ (16) ملٹی گارڈنز سکیم کے بلاک G کی بیلٹنگ اور اس کیلئے موضع ٹھٹھہ خلیل میں خرید کی جانے والی اراضی وقبضہ اور آبادیوں اور حساس کنسٹرکشن کمپنی کو ڈویلپمنٹ ورک کے ایوارڈ کی توثیق/منظوری۔ (17) رہائشی اور کمرشل پلاٹ کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/کینسل کرنے کی منظوری۔ (18) وقفہ سوالات (19) دیگر کسی بھی مسئلہ پر صدر سوسائٹی کی پیشگی منظوری سے گفتگو۔ (20) اجلاس کے اختتام پر تناول ماحضر۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD.) MPCHS ISLAMABAD

Multi Mansion, G-8 Markaz, Islamabad.
UAN: 051-111-631-632 Fax: 2850641 Website: www.mpchs.com, E-mail: info@mpchs.com

3)- اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سوسائٹی کے انفارمیشن سیکرٹری محمد اسلم راؤ نے انجام دیئے۔ انھوں نے معزز ممبران کو اتنی بڑی تعداد میں اجلاس میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا اور صدر کی منظوری سے اجلاس کا باقاعدہ آغاز کیا۔ تلاوتِ کلام پاک کی سعادت ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 مرکز کی جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ کے خطیب جناب مفتی شجاع الرحمٰن نے حاصل کی۔ تلاوت کلام پاک کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ حامد شاہ کاظمی نے پیش کی۔ جس کے بعد اسٹیج سیکرٹری نے صدر جناب چوہدری ظفر علی سے درخواست کی کہ وہ خطبہ استقبالیہ اور سوسائٹی کے دیگر اہم معاملات پر پیش رفت اور درپیش مشکلات کی تفصیلات سے ایوان کو آگاہ کرنے کیلئے تشریف لائیں۔

4)- صدر نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج سوسائٹی کے 31 ویں سالانہ اجلاس عام میں تشریف لانے والے تمام مہمانانِ گرامی کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہوں۔ انہوں نے سب کو ملٹی فیملی قرار دیا اور کہا کہ وہ سب مہمان کے بجائے آج کی اس تقریب کے میزبان ہیں۔ بے پناہ مصروفیات کے باوجود اس تقریب کی اہمیت کے پیشِ نظر تشریف لانے پر سب کا شکریہ ادا کیا۔

انہوں نے کہا کہ سیکٹر E-11/1، E-11/3، F-17، B-17 کے بیشتر بلاک اور ملٹی ریذیڈنشیا آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم میں ترقیاتی کام تقریباً مکمل ہو چکے ہیں۔ سوسائٹی کی تمام سکیمیں موجودہ تقاضوں کے مطابق جدید سہولتوں سے آراستہ ہیں۔ لوگوں کی رہائش کو مزید آرام دہ بنانے کے لئے دن رات کوششیں جاری ہیں۔ ممبران نے خود ملاحظہ کیا ہوگا کہ ان سکیموں میں تعلیمی سہولیات مہیا کی جا چکی ہیں مزید بہتری کی کوششیں جاری ہیں۔ تفریحی سرگرمیوں کا خصوصی خیال رکھا گیا ہے جن میں فٹ بال اور کرکٹ گراؤنڈ کے علاوہ خوبصورت پارک، چڑیا گھر اور جھیلیں وغیرہ شامل ہیں جن کا وہ خود مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ ملٹی کلب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے غرض یہ کہ ہر وہ سہولت جسے آج کے دور میں بنیادی ضرورت سمجھا جاتا ہے یہاں موجود ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہماری سوسائٹی کی تمام سکیمیں سب کے سامنے ہیں۔ جہاں تکمیل کے بعد ابتری کی بجائے مسلسل بہتری نظر آئے گی۔ ہر شعبہ میں عملہ مستعدی سے اپنے فرائض انجام دیتا ہے۔ جن کی باقاعدہ نگرانی۔ مشاورت اور رہنمائی کا جامع نظام ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کا عملی ثبوت سب کے سامنے ہے۔ ملٹی سوسائٹی اسلام آباد۔ راولپنڈی اور دیگر شہروں کی واحد سوسائٹی ہے جہاں ترقیاتی کام تسلسل کے ساتھ جاری رہتے ہیں جنہیں جاری رکھنے کیلئے سوسائٹی کو بہت زیادہ تگ و دو کرنا پڑتی ہے۔ سوسائٹی کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ ترقیاتی کاموں میں تاخیر نہ ہو۔

صدر نے کہا کہ مارگلہ کی پہاڑیوں پر 80 فیصد کرش مشینیں بند ہو چکی ہیں۔ سوسائٹی کے مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں کہا کہ G بلاک میں انٹرچینج اور پانی کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ یہ بھی کوشش ہے کہ مارگلہ ایونیو کے زیر التوا منصوبے کو CDA جلد از جلد مکمل کروائیں۔ مزید کہا کہ گزشتہ چند مہینوں سے رئیل اسٹیٹ کے بارے میں عدلیہ اور حکومت کے کچھ فیصلے اور پالیسیاں سامنے آئی ہیں جن میں اب بلڈنگ پلان کا ریگولیٹری اتھارٹی سے منظور کروانا خاص طور پر قابل ذکر ہے۔

اس کامیابی کے پیچھے ممبران کا تعاون اور اعتماد ہی بنیادی طور پر کارفرما ہے۔ ممبران نے ہمیشہ سوسائٹی انتظامیہ پر اعتماد کا اظہار کیا اور سوسائٹی کے شانہ بشانہ کھڑے رہے۔ کاموں اور فیصلوں کی تائید کی جس سے حوصلہ افزائی ہوئی اور انتظامیہ نے ثابت قدمی کے ساتھ کامیابی کا سفر جاری رکھا جس کے لئے پوری انتظامیہ کمیٹی کی جانب سے ممبران کے بے حد ممنون ہیں اور تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ممبران کا اعتماد اور تعاون اسی طرح ہمارے شاملِ حال رہے گا۔

انہوں نے کہا کہ سوسائٹی کے ترقیاتی کام جو ہمیشہ اور ہر قسم کے حالات میں جاری رہتے ہیں ان کاموں کیلئے سرمایہ کی ضرورت رہتی ہے۔ ممبران کے ذمہ ایک کثیر رقم واجب الادا ہے۔ بار بار درخواست کے باوجود ابھی بھی رقم کی وصولی تسلی بخش نہیں ہے۔ انہوں نے سب کے توسط سے تمام ممبران سے گزارش کی کہ واجب الادا رقم جلد از جلد ادا کر دیں تاکہ ترقیاتی کاموں کی رفتار متاثر نہ ہو۔ صدر نے کہا کہ وہ ٹاؤن پلانر، کنسلٹنٹ اور ڈویلپرز کے بھی شکرگزار ہیں جنہوں نے ملٹی کی سکیموں کو بہترین طریقے سے پلان کیا اور احسن طریقے سے تکمیل کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ویلفیئر سوسائٹی کے ممبران کے بھی مشکور ہیں کہ وہ اجتماعی مسائل کو اجاگر کر کے ان کو حل کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ، ڈیلرز کے بھی ممنون ہیں کہ انہوں نے خوبصورت سٹالز لگائے اور قیمتی انعامات کا اعلان کر کے اس تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ علاوہ ازیں وہ ہمیں وقتاً فوقتاً اپنی قیمتی آراء اور تجاویز سے بھی نوازتے رہتے ہیں جس سے ہمیں سکیموں کے معاملات احسن طریقے سے حل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ آخر میں انہوں نے ایک مرتبہ پھر سب کا شکریہ ادا کیا کہ وہ تشریف لائے اور ان کی باتیں تحمل سے سنیں اور کہا کہ وہ دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو صحت۔ زندگی اور خوشحالی عطا فرمائے اور اس قابل بنائے کہ انتظامیہ سوسائٹی کیلئے مزید کام کر سکے اللہ سب کا حامی و ناصر ہو۔ صدر کے خطاب کو ایوان نے سراہا اور بھرپور داد دی۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD.)
MPCHS
ISLAMABAD

**5)-** صدر کے خطاب کے بعد سٹیج سیکرٹری نے جنرل سیکرٹری چوہدری ندیم سرور کو خطاب کی دعوت دی سیکرٹری نے سالانہ اجلاس عام میں اپنی اور پوری انتظامیہ کمیٹی کی طرف سے سوسائٹی کی تمام سکیموں کے ممبران کو خوش آمدید کہا اور اجلاس میں بھرپور طریقے سے شرکت کرنے اور سوسائٹی کے معاملات میں دلچسپی لینے پر معزز ممبران کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ۔ ڈویلپرز۔ اپنے سٹاف اور تمام عملے کو مبارک باد دی کہ انہوں نے بہت لگن اور محنت سے اس AGM کے انتظامات کو مکمل کیا۔

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بلاک E میں فنکشن اس لئے رکھا گیا تا کہ لوگ خود دیکھ سکیں کہ ترقیاتی کام اعلیٰ معیار۔ کوالٹی اور تیزی کے ساتھ ہو رہے ہیں۔ E-11/1 اور E-11/3 کے تمام کام مکمل ہو چکے ہیں جن میں CCTV کیمرے، اسفالٹ، لین مارکنگ، گیٹ آئی، سیکیورٹی، پانی اور قبضہ وغیرہ کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ F-17 کے تمام کام مکمل ہو چکے ہیں اسفالٹ، ریپئرنگ اینڈ مینٹیننس، گراؤنڈ، کیمونٹی سنٹر، لینڈ سکیپنگ، CCTV کا کام مکمل ہے۔ جبکہ ٹیوب ویل کا کام بہت جلد مکمل ہو جائے گا۔ ملٹی ریذیڈنشیا ROS کے بلاک A اور C کے تمام کام مکمل ہو چکے ہیں۔ جبکہ بلاک B اور D کے 70% کام مکمل ہیں باقی جلد مکمل ہو جائیں گے انشاءاللہ۔ انہوں نے کہا کہ آرچرڈ سکیم میں وافر مقدار میں زیرِ زمین پانی موجود ہے۔ اس سکیم کے فٹ بال گراؤنڈ میں آل پاکستان فلڈ لائٹ ٹورنامنٹ چند ماہ قبل منعقد ہوا۔ سکیم میں جلد ہی گالف کلب کی تعمیر کا کام شروع کر رہے ہیں۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بارے میں انہوں نے تفصیل سے آگاہ کیا اور کہا کہ انتظامیہ نے ٹال پلازہ۔ بس سٹاپ، فٹ بال، کرکٹ گراؤنڈ، چڑیا گھر (ZOO)، ملٹی کلب، پارک، مساجد بنا کر آپ لوگوں کو دی ہوئی ہیں اور امام مسجد بھی تعینات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے مسجدوں کے پلاٹ حاصل کر رکھے ہیں اور ابھی تک تعمیراتی کام شروع نہیں کیے ان سے پلاٹس واپس لے کر جو لوگ فوری طور پر مساجد کی تعمیر شروع کرنا چاہتے ہیں انہیں دیئے جائیں گے۔

جنرل سیکرٹری نے کہا ملٹی کی تمام سکیموں میں بجلی زیرِ زمین ہے جبکہ عام سکیموں میں بجلی کی لائنیں پولز پر ہوتی ہیں جس سے اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہوتا ہے۔ سوسائٹی کی تمام سکیموں میں گیس کی لائنیں موجود ہیں۔ ملٹی کی تمام سکیموں میں روڈز 40 سے 170 فٹ تک چوڑی ہیں دیگر تمام سوسائٹیز اپنے ممبران سے ہر ماہ 2 سے 3 ہزار روپے لیتی ہیں مگر ملٹی سوسائٹی ایک سال کے بعد آپ سے صرف 3 ہزار روپے سالانہ فیس وصول کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ممبران دیگر سوسائٹیز کا موازنہ ملٹی سے کر کے دیکھ لیں آپ کو واضح فرق نظر آئے گا۔ ملٹی نے F بلاک تک تمام سڑکیں بنا دی ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہم اپنا وعدہ پورا کرتے ہیں۔ جنرل سیکرٹری نے ایوان کو منظور ہونے والے مختلف ایجنڈہ آئٹم کے ساتھ ساتھ مختلف کمپنیوں اور افراد سے سوسائٹی کے لئے اراضی و قبضہ اور آبادیوں کی خرید، تمام سکیموں کی ڈویلپمنٹ، لینڈ سکیپنگ اور کنسٹرکشن کے لئے کیے گئے معاہدوں کی تفصیل سے آگاہ کیا اور ایوان کو ادا شدہ بلوں کے بارے میں اعتماد میں لیا۔ آخر میں جنرل سیکرٹری نے ممبران کا اجلاس عام میں اتنی بڑی تعداد میں شرکت پر پھر شکریہ ادا کیا۔ ممبران نے جنرل سیکرٹری کے خطاب کو سراہا۔

**6)-** جنرل سیکرٹری کے خطاب کے بعد سٹیج سیکرٹری نے ایوان سے رائے لی کہ پہلے سوال و جواب کا مرحلہ شروع کیا جائے یا پہلے قرعہ اندازی کی جائے تو ممبران نے کہا کہ سوال جواب سے پہلے قرعہ اندازی کی جائے۔ انتظامیہ نے ممبران کے پرزور اصرار پر ممبران کو بذریعہ قرعہ اندازی کیپٹل مارکیٹنگ کے عاطف جمیل بٹ کی طرف سے موٹر سائیکل، LED، فوڈ فیکٹری، واشنگ مشین، جوسر، استری اور الیکٹرک ہیٹر۔ ہنجرا ایسوسی ایٹس کی جانب سے ایک عمرے کا پیکج۔ بلیو لینڈ کے یعقوب بلوچ کی طرف سے 3 عمرے کے پیکج۔ الفضل ایسوسی ایٹس کے چیف ایگزیکٹو شاہد فضل کی طرف سے ملٹی کے سٹاف کیلئے ایک عمرے کا پیکج۔ تنویر ایسوسی ایٹس کے سید تنویر حسین شاہ کی طرف سے تقریب میں شریک سب سے ضعیف العمر افراد کے لئے 2 عمرے کے ٹکٹ۔ گیلانی ایسوسی ایٹس کے ساجد گیلانی کی طرف سے معذور افراد کے لئے ایک عمرے کا پیکج اور ان کی سپونسنگ کے لئے MAK ایسوسی ایٹس کے کاشف مسعود کی طرف سے ایک عمرے کا پیکج۔ Pioneers ایسوسی ایٹس کے اورنگزیب آفریدی کی طرف سے AGM کے قریب ترین شادی شدہ ممبر کے لئے ایک عمرے کا پیکج۔ اعوان ایسوسی ایٹس کے ملک جاوید کی طرف سے ایک ہنڈا CC 125 موٹر سائیکل۔ اصغر عباسی کی جانب سے ایک عمرہ پیکج۔ ملک اسٹیٹ کے شکیل ملک کی طرف سے ایک عمرہ پیکج۔ نیو جنریشن کے کاشف قیصرانی کی طرف سے 2 عمرہ کے پیکج۔ 786 ملٹی اسٹیٹ کے حاجی تصور ڈار کی طرف سے موٹر سائیکل۔ سن رائزز مارکیٹنگ کے یٰسین کی طرف سے 2 عدد عمرے کے ٹکٹ اور ایک موٹر سائیکل۔ انویسٹمنٹ پلینر کے چوہدری ناصر کی طرف سے عمرے کا پیکج۔ التوکل انٹرپرائزز کے محمد الیاس کی طرف سے ایک موٹر سائیکل۔

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

ملٹی زون کے حسنین مقبول کی طرف سے ملائشیا کا ایک ٹکٹ۔ ایگل آئی کے سعد خان کی طرف سے 1 عدد دبئی کا ٹکٹ۔ 4M انٹر پرائز ز کے چوہدری محمد ارشد کی طرف سے 5 عدد موٹر سائیکل۔ MB مارکیٹنگ کے محمد اکرم کی طرف سے 2 عمرے کے ٹکٹ۔ کے رائل اسٹیٹ کے سید قاسم علی شاہ کی طرف سے LED، واشنگ مشین، مائیکرو ویو اوون، ریفریجریٹر، الیکٹرک ہیٹر اور 2 عدد استری۔ ملتانی اسٹیٹ اینڈ بلڈر کے محسن بھٹہ کی طرف سے ایک عمرہ پیکج۔ الف لام میم انٹر پرائز ز کے چوہدری تنویر کی طرف سے 5 عدد موبائل۔ رزمک اسٹیٹ کے عارف اللہ کی طرف سے بچوں کیلئے پانچ عدد ٹیبلٹ۔ آئیڈیاز (IDEAS) مارکیٹنگ کے چیف ایگزیکٹو سید امداد علی شاہ اور صفا ایسوسی ایٹس کے ملک اشرف کی طرف سے ایک عدد مہران کار، ایک موٹر سائیکل، 3 عدد LED، 3 عدد واٹر ڈسپنسر، 3 عدد واشنگ مشین، 5 عدد گیزر، 5 عدد فوڈ فیکٹری، 3 عدد ڈنر سیٹ، 6 عدد استری اور 5 عدد مائیکرو ویو اوون جبکہ ون ون مارکیٹنگ اینڈ ڈویلپرز کے سردار طاہر محمود کی طرف سے 1 عدد موٹر سائیکل، 1 عدد ریفریجریٹر، 1 عدد واشنگ مشین، 2 عدد مائیکرو ویو اوون، 2 عدد استری، 2 عدد جوسر مشین، 1 عدد بائی سائیکل، 2 عدد LED، 2 عدد گیس ہیٹر کے علاوہ تمام ممبران کو ایک وال کلاک، پن اور کی چین تحفے کے طور پر دیئے گئے۔

7)۔ قرعہ اندازی کے اختتام کے بعد وقفہ سوالات شروع ہوا جو تقریباً ایک گھنٹہ سے زائد وقت تک جاری رہا۔ سیکٹر E-11 ۔ F-17 ۔ B-17۔ ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے بہت سے ممبران نے سوسائٹی کے معاملات کے بارے میں مختلف سوالات کئے ممبران نے سوسائٹی کی تمام سکیموں کے اجتماعی اور ذاتی نوعیت کے سوالات۔ تجاویز اور مطالبات بھی پیش کئے جن میں بلاک D کے قبضہ۔ واٹر سپلائی سکیم کو فعال بنانا۔ سنگجانی ٹال پلازہ کا مسئلہ۔ مارگلہ ایونیو کی تعمیر۔ سکیم کی سیکیورٹی مزید موثر اور بہتر کرنے۔ سکیم میں مسجد کی تعمیر کے بارے میں سوالات شامل تھے۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے ممبران نے ایک ویلفیئر کمیٹی بنائی ہوئی ہے ان کے نمائندے سلطان محمد نے ممبران کے اجتماعی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے چند تجاویز پیش کیں جس میں سیکورٹی کو مزید بہتر بنانا۔ گرین بیلٹ اور رہائشی علاقوں کے کمرشل استعمال پر پابندی۔ مین روڈ پر پراپرٹی آفس بن گئے ہیں وہ ختم کئے جائیں۔ بلاک C میں مٹی کے ٹیلوں کو ختم کیا جائے۔ زیر زمین پانی کی مقدار میں کمی اور پانی کے مسائل۔ GT روڈ پر بس سٹاپ۔ سکیم میں سپیڈ بریکر اور NHA سے معاملات کو حل کرنے کی کوشش۔ سوسائٹی کے رہائشیوں کو مینجنگ کمیٹی میں نمائندگی۔ اسلام آباد۔ راولپنڈی کی حد بندی سے پیدا ہونے والی پریشانی کا حل۔ سیوریج ڈسپوزل کا مناسب بندوبست۔ برساتی نالوں کی صفائی۔ بلاک A اور C کی مساجد کی توسیع۔ بلاک E میں سوئی گیس اور PTCL کے کنکشن۔ بلاک A۔ C-1 اور E میں واٹر فلٹریشن پلانٹ۔ تمام مین چوک میں ٹریفک سگنل لگائے جائیں۔ سائٹ آفس کے ملازمین کو بہتر خدمات کے صلے میں ایک ماہ کی اضافی تنخواہ دی جائے۔ سکیم میں شٹل سروس کی ٹائمنگ کا دورانیہ بڑھایا جائے اور سنگجانی ٹال پلازہ جیسے مسائل فوری حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

محمد سلیم ممبر شپ نمبر MG-14142 پلاٹ نمبر 212 بلاک D نے کہا کہ وہ ریٹائرمنٹ کے قریب ہیں انہوں نے 2016 میں فل پیمنٹ پر پلاٹ لیا اور مکان بنانے کیلئے انڈرٹیکنگ بھی دی ہوئی ہے مگر ابھی تک قبضہ نہیں ملا۔ سکیم کی رہائشی طالبہ سدرہ عمر نے کہا کہ ایوننگ شفٹ میں کالج سے واپسی پر شٹل سروس بند ہو جاتی ہے جس سے مشکل پیش آتی ہے اس کا ٹائم بڑھایا جائے۔ تنویر ایسوسی ایٹس کے سید تنویر حسین شاہ نے انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا اور تجویز دی کہ CDA کے ساتھ مل کر مارگلہ ایونیوں کی تعمیر کا معاملہ حل کروایا جائے۔ ملٹی کیلئے روڈ تو بہت چھوٹی چیز ہے اس نے اس سے بھی بڑے بڑے کام مختصر وقت میں سرانجام دیئے ہیں۔ لہذا CDA اگر سڑک کی تعمیر کا کام شروع نہیں کرتا تو ملٹی سوسائٹی اس کی تعمیر خود شروع کر دے۔ ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز سکیم کی ممبر روبینہ خان ممبر شپ نمبر ROS-1487 پلاٹ نمبر B-2035 نے کہا کہ ان کے پلاٹ کا قبضہ نہیں ملا جلد قبضہ دیا جائے تا کہ گھر کی تعمیر شروع کر سکیں۔ کاشف ستار ممبر شپ نمبر MG-4494 پلاٹ نمبر 1918 بلاک D دس سال سے پلاٹ خریدا ہوا ہے ابھی تک قبضہ نہیں ملا۔ محمد وسیم ممبر شپ نمبر MG-15625 پلاٹ نمبر C-1-416 نے کہا کہ ایک ڈویلپر نے ان کیساتھ فراڈ کیا ہے ان سے رقم لے لی ہے مگر مکان بنا کر نہیں دیا ازالہ کیا جائے۔ مس انعم نے کہا کہ سکیم میں کوئی برانڈ متعارف کرائیں۔ سٹریٹ لائٹس اور گھروں کی بجلی ایک ساتھ جاتی ہے جس سے سکیم میں بہت اندھیرا ہوتا ہے لوڈ شیڈنگ کا شیڈول چینج کریں۔ حبیب الرحمن ممبر شپ نمبر MG-1702 پلاٹ نمبر 1677 بلاک C نے کہا کہ ان کے پلاٹ میں 9 سے 10 فٹ بلند مٹی کے ٹیلے ہیں انھیں ختم کیا جائے۔ اس سے سکیم کی خوبصورتی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ تمام سوالات کے دلائل کے ساتھ جوابات دیئے گئے اور مسائل کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ جن ممبران نے قبضہ نہ ہونے کی شکایات کی انہیں اپنے مسائل کے فوری حل کیلئے دفتر سے رجوع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ جنرل سیکرٹری نے ممبران سے یہ بھی درخواست کی کہ جن کو کوئی بھی شکایت ہو وہ دفتر تشریف لائیں ان کی شکایت کا فوری ازالہ کیا جائے گا۔ جن کے پلاٹ کا قبضہ نہیں ملا انہیں قبضہ یا متبادل پلاٹ دیا جائے گا۔ ممبران نے اس فراخ دلانہ پیشکش کی بھرپور داد دی۔

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD)
MPCHS
ISLAMABAD

8)۔ ممبران کے مطمئن ہونے اور وقفہ سوالات ختم ہونے کے بعد مزید کاروائی ایجنڈے کے مطابق عمل میں لائی گئی اور مندرجہ ذیل فیصلے کئے گئے۔

i)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM منعقدہ مورخہ 20-12-2017 کی کاروائی کی توثیق۔

ii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM مورخہ 20-12-2017 سے مورخہ 16-12-2018 تک تمام داخل اور خارج کئے گئے ممبران اور مورخہ 16-12-2018 تک مختلف تنخواہوں بمعہ الاؤنسز پر کی گئی تمام سوسائٹی ملازمین کی تقرری، پروموشن اور برخاستگی کی منظوری دی۔

iii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM مورخہ 20-12-2017 سے لے کر اب تک سوسائٹی کیلئے کئے گئے بزنس۔ ترقیاتی کاموں اور زمینوں کے تحفظ کے لئے ٹرانسپورٹ کی فراہمی/خریداری۔ تمام معاملات اور اخراجات کے ساتھ ساتھ تمام سکیموں میں فروخت کیے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ اور مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اور انکی قیمت کی منظوری دی۔

iv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ رپورٹ 2017-2018 بمعہ آمدن اور اخراجات اور بجٹ مالی سال 2018-2019 (آمدن مبلغ **8493.43** ملین اور اخراجات مبلغ **8485.19** ملین روپے) کی منظوری۔

v)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے خریداور فروخت/تبادلہ کردہ اراضی وقبضہ بمعہ آبادیوں کی خریداور ان میں توسیع کے سلسلے میں کیے گئے تمام معاہدوں کی منظوری دی نیز ایوان نے اس سلسلے میں ادا کی گئی جملہ رقوم اور سوسائٹی کی تمام سکیموں میں کیے گئے ترقیاتی کاموں، سروس چارجز۔ ڈویلپمنٹ اور لینڈ سکیپنگ کی مد میں ادا کردہ بلوں کی بھی منظوری دی۔

vi) ایوان نے متفقہ طور پر کمرشل اور رہائشی پلاٹوں کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ کینسل کرنے کی منظوری دی۔

vii) ایوان نے متفقہ طور پر ملٹی گارڈنز سکیم کے بلاک G کیلئے موضع ٹھٹھہ خلیل میں خرید کی گئی اراضی وقبضہ اور آبادیوں۔ حساس کنسٹرکشن کمپنی کو ڈویلپمنٹ ورک ایوارڈ اور ڈیلرز کو پلاٹوں کی بکنگ پر Rebate/Incentive دینے کی توثیق/منظوری دی۔

viii) ایوان نے متفقہ طور پر ملٹی گارڈنز سکیم بلاک G کیلئے موضع ٹھٹھہ خلیل میں خرید کی جانے والی اراضی وقبضہ اور آبادیوں کیلئے نصرت محمود سے کئے گئے معاہدہ جات مورخہ 16-12-2017 اور مورخہ 04-07-2018 کی منظوری دی۔

ix) ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے لئے موضع چھوکر کی 7 کنال 10 مرلے بذریعہ انتقال نمبری 2327، اور موضع ٹھٹھہ خلیل کی 338 کنال 11 مرلے بذریعہ انتقال نمبری 10364 اراضی کے کیے گئے تبادلے کی منظوری دی۔

x) ایوان نے متفقہ طور پر میسرز "حساس کنسٹرکشن کمپنی" کو ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کی ڈویلپمنٹ کے بارے میں جاری کردہ لیٹر مورخہ 19-11-2018 اور میسرز "کارساز انجینئرنگ" کو ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کی ڈویلپمنٹ کے بارے میں جاری کردہ لیٹر مورخہ 20-11-2018 اور غلام حسین ساکن اسلام آباد کے ساتھ کئے گئے معاہدہ مورخہ 29-06-2018 کی منظوی دی۔

xii) ایوان نے متفقہ طور پر مختلف کمپنیوں۔ افراد۔ کنسلٹنٹ۔ کنٹریکٹر اور ڈویلپرز کے ساتھ کئے گئے معاہدوں جس میں i۔ میسرز شہر ساز پرائیویٹ لمٹیڈ سے ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم میں گالف کلب کی تعمیر کا معاہدہ مورخہ 05-01-2018) ii۔ میسرز ڈائریکٹ ٹیکنالوجی راولپنڈی سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں وائرلیس سیکورٹی سسٹم کا معاہدہ مورخہ 26-01-2018) iii۔ PTCL سے ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم میں ٹیلی کام سروس کا معاہدہ مورخہ 21-02-2018) iv۔ میسرز چاغی انٹر پرائزز سے سوسائٹی کی سکیموں میں سوئی گیس کا معاہدہ مورخہ 14-02-2018) v۔ نور میڈیکل سنٹر کے ساتھ ٹیلی گارڈنز F-17 سکیم میں میڈیکل سنٹر بنانے کا معاہدہ مورخہ 26-03-2018)۔ vi۔ میسرز ضرار اینڈ کو راولپنڈی سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں چڑیا گھر کی تعمیر کا معاہدہ مورخہ 29-03-2018) vii۔ میسرز میسکون (Mascon) ایسوسی ایٹس سے سوسائٹی کے فرانزک آڈٹ کا معاہدہ مورخہ 24-05-2018) viii۔ میسرز گرین ویونرسری پتوکی سے سکیموں میں لینڈ سکیپنگ کا معاہدہ مورخہ 06-08-2018) ix۔ میسرز ڈی شاز فارمیسی اسلام آباد سنٹر کے ساتھ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں میڈیکل سنٹر آپریشنل کرنے کا معاہدہ مورخہ 26-03-2018) x۔ میسرز رابیل ٹیکنالوجی رسالپور سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں اریگیشن سپرنکل کا معاہدہ مورخہ 25-10-2018 شامل ہیں کی منظوری دی۔

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD)
MPCHS
ISLAMABAD

(xiii ایوان نے متفقہ طور پر ملٹی ہیڈ آفس G-8 مرکز اسلام آباد کی بلڈنگ کو جدید سہولیات سے آراستہ اور سوسائٹی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے رینوویشن کی منظوری دی۔

(ivx ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی طرف سے مختلف اوقات میں بنائے گئے ادائیگی کے پیمنٹ شیڈول، ٹرانسفر فیس، سب ڈویژن چارجز ۔ کمپلیشن پلان ۔نقشہ فیس کی توثیق/منظوری دی۔ تفصیل درج ذیل ہے

A ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم (رہائشی) پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز ( Cost of Plot )

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 25x50 | 17518 | 2435000 | (ii) | 30x60 | 14425 | 2885000 | (iii) | 35x70 | 13915 | 3785000 | |
| (iv | 40x80 | 13160 | 4685000 | (vi) | 50x90 | 12700 | 6350000 | | | | | 06-05-2018 ت 15-12-2018 |
| 3 | 25x50 | 22160 | 3080000 | (ii) | 30x60 | 21400 | 4280000 | (iii) | 35x70 | 19780 | 5380000 | |
| (iv) | 40x80 | 19606 | 6980000 | (v) | 50x90 | 17560 | 8780000 | | | | | 16-12-2018 سے جاری ہے |

B ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم (کمرشل) پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز ( Cost of Plot )

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مرکز کارنر | (B+G+4 Floor) | 110000 روپے فی مربع گز | = | نان کارنر | (B+G+4 Floor) | 100000 روپے فی مربع گز | |
| | شاپنگ سنٹر کارنر | (B+G+2 Floor) | 88000 روپے فی مربع گز | = | نان کارنر | (B+G+2 Floor) | 80000 روپے فی مربع گز | |
| | اپارٹمنٹ پلاٹ کارنر | | 45000 روپے فی مربع گز | = | نان کارنر | | 40000 روپے فی مربع گز | |
| | مکس یوز ڈویلپمنٹ کارنر پلاٹ | | 77000 روپے فی مربع گز | = | نان کارنر | | 70000 روپے فی مربع گز | 05-06-2018 سے جاری ہے۔ |

C ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز سکیم (رہائشی) پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز ( Cost of Plot )

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 25x50 | 11000 | 1530000 | (ii) | 30x60 | 10000 | 2000000 | (iii) | 35x70 | 9500 | 2585000 | |
| (iv) | 40x80 | 9000 | 3205000 | (v) | 50x90 | 8500 | 4250000 | | | | | 01-07-2018 سے جاری ہے۔ |

فارم ہاؤس 10 کنال کی قیمت 3500 روپے فی مربع گز = 5 کنال کی قیمت 4000 روپے فی مربع گز

ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز سکیم (کمرشل) پلاٹ کی قیمت ( Cost of Plot ) بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مرکز کارنر | (B+G+4 Floor) | 50000 روپے فی مربع گز | = | نان کارنر | (B+G+4 Floor) | 45000 روپے فی مربع گز | |
| | شاپنگ سنٹر کارنر | (B+G+2 Floor) | 38000 روپے فی مربع گز | = | نان کارنر | (B+G+2 Floor) | 35000 روپے فی مربع گز | |
| | اپارٹمنٹ پلاٹ کارنر | | 25000 روپے فی مربع گز | = | نان کارنر | | 22000 روپے فی مربع گز | 01-07-2018 سے جاری ہے |

## سب ڈویژن چارجز ۔ کمپلیشن پلان ۔ نقشہ فیس منظوری

**اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11 اسلام آباد** کمرشل پلاٹ سب ڈویژن چارجز۔ -/300 روپے فی مربع گز سے -/1000 روپے فی مربع گز۔

**شیڈول فیس کمرشل پلاٹ E-11** نقشہ منظوری -/6 روپے فی مربع فٹ سے 20 روپے فی مربع فٹ۔ **کمپلیشن پلان** 6-/ روپے فی مربع فٹ سے 20 روپے فی مربع فٹ۔

**شیڈول فیس رہائشی پلاٹ E-11** نقشہ منظوری -/2 روپے فی مربع فٹ سے -/5 روپے فی مربع فٹ۔ **کمپلیشن پلان** -/2 روپے فی مربع فٹ سے -/5 روپے فی مربع فٹ

**ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 سکیم اسلام آباد۔** کمرشل پلاٹ سب ڈویژن چارجز -/300 روپے فی مربع گز سے -/600 روپے فی مربع گز۔ پوزیشن چارجز کمرشل پلاٹ -/115 روپے فی مربع گز سے -/200 روپے فی مربع گز۔ پوزیشن چارجز سکول اور ہسپتال -/50 روپے فی مربع گز سے -/100 روپے فی مربع گز ٹرانسفر فیس آفس -/50 روپے فی مربع فٹ سے -/70 روپے فی مربع فٹ۔

**شیڈول فیس کمرشل پلاٹ F-17 - اور B-17** نقشہ منظوری -/6 روپے فی مربع فٹ سے -/10 روپے فی مربع فٹ۔ **کمپلیشن پلان** -/6 روپے فی مربع فٹ سے -/10 روپے فی مربع فٹ۔

**شیڈول فیس مکس یوز ڈویلپمنٹ/اپارٹمنٹ پلاٹ B-17 اور F-17 سکیم** ٹرانسفر فیس -/100 روپے فی مربع گز سے -/150 روپے فی مربع گز۔ پوزیشن چارجز -/115 روپےفی مربع گز سے -/150 روپے فی مربع گز۔ **نقشہ منظوری** -/2 روپے فی مربع فٹ سے -/5 روپے فی مربع فٹ۔ **کمپلیشن پلان** -/6 روپے فی مربع فٹ سے -/10 روپے فی مربع فٹ

**ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم** کمرشل پلاٹ سب ڈویژن چارجز -/300 روپے فی مربع گز سے -/500 روپے فی مربع گز۔ پوزیشن چارجز کمرشل پلاٹ -/115 روپے فی مربع گز سے -/200 روپے فی مربع گز۔ پوزیشن چارجز سکول اور ہسپتال -/50 روپے فی مربع گز سے -/100 روپے فی مربع گز۔ ٹرانسفر فیس آفس -/50 روپے فی مربع فٹ سے -/70 روپے فی مربع فٹ۔

**شیڈول فیس اپارٹمنٹ پلاٹ B-17 اور F-17۔** نقشہ منظوری -/2 روپے فی مربع فٹ ۔ کمپلیشن پلان -/5 روپے فی مربع فٹ

MULTI PROFESSIONALS CO.OP HOUSING SOCIETY (REGD.) MPCHS ISLAMABAD

ایجنڈہ ایٹم کی مکمل منظوری کے بعد سٹیج سیکرٹری نے صدر جناب چوہدری ظفر علی کی اجازت سے اجلاس کے اختتام کا اعلان کیا۔ حسب پروگرام ممبران نے ظہرانہ تناول فرمایا۔ ممبران نے ملٹی کی سکیموں میں جاری ڈویلپمنٹ کے کام کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامیہ کمیٹی پر اپنے مکمل اعتماد کا اعادہ کیا انہوں نے سوسائٹی کی کوششوں کو خصوصی طور پر سراہا۔

**9)۔** پورے ایوان نے اجلاس عام (AGM) کے لئے مثالی اور خوبصورت انتظامات ۔ ممبران کو اسلام آباد/ راولپنڈی کے مختلف حصوں سے لانے اور لے جانے کے لئے ٹرانسپورٹ ، اجلاس کے دوران سیکیورٹی اور پارکنگ کے انتظامات کے ساتھ ساتھ کھانے کے میعار کی تعریف کی۔ اجلاس کے دوران نظم وضبط مثالی رہا جس کا ممبران نے برملا اعتراف کیا۔

**آپ کا پر خلوص**

چوہدری ظفر علی
صدر ملٹی سوسائٹی

ڈاکٹر عبیدالرحمٰن پراچہ
نائب صدر سوسائٹی

MULTI PROFESSIONALS CO OP HOUSING SOCIETY (REGD.) MPCHS ISLAMABAD

چوہدری ندیم سرور
جنرل سیکرٹری سوسائٹی

**کاپی برائے!**

i۔ تمام ممبران ملٹی سوسائٹی سیکٹر E-11- سیکٹر F-17۔ سیکٹر B-17 اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز سکیم۔

ii۔ سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ICT، F-8 مرکز اسلام آباد۔